# وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی

## ضروری معلومات و ہدایات برائے اوپن میرٹ داخلہ فارم بیچلرز پروگرام (صبح) 2026

وفاقی اُردو یونیورسٹی میں داخلے کے لیے اوپن میرٹ داخلہ فارم بیچلرز پروگرام (صبح) 2026 کے خواہشمند طلبہ اپنا داخلہ فیس واؤچر مبلغ تین ہزار روپے (-/3,000) روپے واؤچر میں درج بینک میں جمع کرائیں۔ اُمیدواروں کے لیے لازم ہے کہ جامعہ ہٰذا کی ویب سائٹ www.fuuast.edu.pk پر جا کر آن لائن ضروری معلومات و ہدایت اور تعارف نامہ "Prospectus" کو بغور مطالعہ کریں اور دی گئی ہدایت کی روشنی میں فارم پُر کریں۔

(۱) اُمیدوار اپنی اہلیت کے مطابق داخلہ فارم میں ترجیحاً "3" پروگرام کا اندراج کر سکتے ہیں۔

مثال فرض کیجیے آپ نے اپنی "3" پروگرام کی ترجیحات اس طرح تحریر کریں۔

| Order of Choices | Discipline/Department | Campus<br>Gulshan or Abdul Haq |
|---|---|---|
| 1 | Mass Communication | Gulshan/Abdul Haq |
| 2 | Economics | Abdul Haq |
| 3 | Education | Abdul Haq |

(۲) اُمیدوار کے لیے نہایت ضروری ہے کہ وہ اپنی پسند کی ترجیح میں اہلیت کا خیال رکھتے ہوئے فارم پُر کریں کیونکہ فارم جمع ہونے کے بعد کوائف کمپیوٹر ڈیٹا بیس میں اندراج ہونے کے بعد اس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں ہو سکے گی۔

(۳) داخلہ فارم کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک کریں۔

i۔انٹرمیڈیٹ/گریجویشن یا مساوی کی اصل مارک شیٹ اور دو عدد فوٹو کاپی ii۔ دو عدد میٹرک سرٹیفکٹ و مارک شیٹ کی فوٹو کاپی iii۔ اعد شناختی کارڈ/ ب فارم کی فوٹو کاپی iv۔ حلف نامہ/ اقرار نامہ (اسٹامپ پیپر) v۔ دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر vi۔ اوپن میرٹ داخلے کے خواہشمند اُمیدواروں کو اصل مارک شیٹ جمع کروانا لازمی ہے۔

(۴) فارم کے ساتھ منسلک تمام دستاویزات پر داخلہ فارم نمبر واضح طور پر تحریر کریں۔

(۵) فارم اور دستاویزات کو سلیقے سے فائل کور میں لگایا جائے تا کہ کاغذات ضائع ہونے کا احتمال نہ رہے۔ نامکمل داخلہ فارم یا مطلوبہ دستاویزات منسلک نہ کرنے پر فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

(۶) مطلوبہ دستاویزات کے علاوہ منسلک کی گئی دستاویزات کو غیر ضروری قرار دیکر خارج کر دیا جائے گا۔

(۷) داخلہ فارم میں غلط کوائف درج کرنے یا جعلی دستاویزات منسلک کرنے پر فارم منسوخ کیا جا سکتا ہے اور داخلہ ہو جانے کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

(۸) داخلہ کے خواہشمند اُمید واران اپنا فارم اور تمام کاروائی بذات خود مکمل کریں، کسی بھی غیر متعلقہ فرد کو اپنے کاغذات یا رقم ہرگز نہ دیں۔

(۹) بینک میں جمع شدہ داخلہ پروسیسنگ فیس واؤچر داخلہ فارم بمعہ دستاویزات اور اصل مارک شیٹ کے ساتھ گلشن اقبال کیمپس میں داخلے کے خواہشمند دفتر داخلہ گلشن اقبال کیمپس میں اور عبدالحق کیمپس میں داخلے کے خواہشمند امیدوار دفتر داخلہ عبدالحق کیمپس میں بذات خود تشریف لائیں۔

(۱۰) اوپن میرٹ پروگرام کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پہلے آئے، پہلے پائے اہلیت کی بنیاد پر داخلے دیئے جائیں گے۔

(۱۱) ذہین اور مستحق طلباء کے لیے اردو یونیورسٹی میں اسکالرشپ فراہم کی جاتی ہے۔

(۱۲) ضیاء الدین بورڈ، آغا خان بورڈ، اے لیول، اور ڈپلومہ پاس طالب علم انٹر بورڈ چیئرمین کمیٹی (IBCC) سے Equivalency یا تصدیق شدہ مارک شیٹ لازمی جمع کریں۔

(۱۳) داخلے کے لیے حالیہ پاس آؤٹ طلبہ کو ترجیح دی جائے گی تاہم وہ طالبعلم جو اس سے قبل امتحان پاس کر چکے ہیں وہ بھی داخلے کے لیے فارم جمع کروا سکتے ہیں۔

(۱۴) شعبہ حیاتی حرفت (Biotechnology) میں داخلے کی اہلیت 50% ہے جبکہ دیگر شعبہ جات میں 45% یا تعارف نامہ "Prospectus" سے رہنمائی حاصل کریں۔